بسم اللہ الرحمن الرحیم

حرفِ اوّل

رمضان المبارک کا بابرکت مہینہ اپنے فیوض و برکات کی بارش برساتا ہوا تیزی سے رخصت ہو رہا ہے۔ باسعادت ہیں وہ اہل ایمان جنہوں نے اس بارانِ رحمت کو اپنے دامن میں سمیٹا اور اس کے انوار و فیوض سے اپنے قلوب واذہان کو منور کیا —— اور جو بدقسمت اس ماہ مبارک کو پالینے کے باوجود رحمتوں اور برکتوں کی اس برسات میں بھی خشک دامن رہے ان کی تیرہ بختی پر کس کو شبہ ہوسکتا ہے۔

رمضان المبارک کے انوار و برکات سے زیادہ سے زیادہ مستفید ہونے کے لئے صدر مؤسس محترم ڈاکٹر اسرار احمد حفظہ اللہ نے آج سے اٹھارہ برس قبل نماز تراویح کے ساتھ دورۂ ترجمۂ قرآن کا آغاز کیا تھا۔ اس سلسلے کو الحمد للہ بہت قبولیت و پذیرائی حاصل ہوئی اور اب لاہور' کراچی اور ملک کے دیگر شہروں میں سینکڑوں مقامات پر ہزاروں طالبانِ قرآن حکیم رمضان کی بابرکت راتیں قرآن حکیم کی معیت میں جاگتے ہوئے بسر کرتے ہیں اور از روئے حدیث نبویؐ قرآن حکیم کی شفاعت کے مستحق بنتے ہیں۔ دورۂ ترجمۂ قرآن حکیم کا یہ سلسلہ بیرون ملک کئی مقامات پر بھی جاری ہے۔ مزید برآں کیبل نیٹ ورک اور انٹرنیٹ کے ذریعے محترم ڈاکٹر اسرار احمد حفظہ اللہ کے دورۂ ترجمۂ قرآن سے پوری دنیا میں استفادہ کیا جا رہا ہے۔ قرآن اکیڈمی لاہور کی جامع القرآن میں' جہاں سے اس کارِ خیر کا آغاز ہوا تھا' محترم ڈاکٹر صاحب کے فرزند ڈاکٹر عارف رشید صاحب دورۂ ترجمۂ قرآن کی سعادت حاصل کر رہے ہیں۔

حکمت قرآن کا زیر نظر شمارہ نومبر اور دسمبر ۲۰۰۲ء کی مشترکہ اشاعت کا حامل ہے۔ اس نسبت سے اس کے صفحات میں بھی خاطر خواہ اضافہ کیا گیا ہے۔ اس شمارے میں مرکزی انجمن خدام القرآن کی سالانہ رپورٹ برائے سال ۲۰۰۲۔۲۰۰۱ء بھی شامل اشاعت کی جا رہی ہے' جو یقیناً قارئین کی دلچسپی کا باعث ہو گی۔ OO